ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆ **شیخ الحدیث مولانا نور محمد رحمۃ اللہ علیہ:** جامعہ دارالعلوم اسلامیہ پشتون آباد کوئٹہ کے بانی شیخ الحدیث مولانا نور محمد صاحب ۳؍ اکتوبر ۲۰۱۲ء بروز جمعۃ المبارک انتقال فرما گئے۔ مولانا مرحوم جیّد عالم دین تھے۔ انہوں نے سینکڑوں طلباء کو تفسیر قرآن اور حدیث شریف کے علم سے سیراب کیا، وہ قومی اسمبلی کے رکن اور صوبائی وزیر بلدیات بھی رہ۔ مولانا مرحوم ہماری مہربان مولانا رشید احمد حقانی کے چچا تھے۔

☆ **مولانا قاضی عزیز الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ:** عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع رحیم یار خان کے امیر، جامعہ قادریہ کے بانی و مہتمم اور مولانا قاضی شفیق الرحمٰن کے والد ماجد مولانا قاضی عزیز الرحمٰن ۱۲؍ اکتوبر ۲۰۱۲ء کو رحلت فرما گئے۔ اُن کی نماز جنازہ ۱۳؍ اکتوبر بروز ہفتہ بعد نمازِ ظہر مرکزی عیدگاہ میں ادا کی گئی۔ قاضی صاحب مرحوم بہت ہی شفیق اور وضع دار انسان تھے۔ علماء کرام، دینی مدارس اور دینی جماعتوں کے رہنماؤں کے ساتھ اُن کا حسنِ سلوک اور محبت مثالی تھی۔ ختم نبوت کے لیے کام کرنے والی جماعتوں اور کارکنوں سے بہت ہمدردی اور تعاون فرماتے۔ جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ، ابنِ امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ، ابنِ امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم اور سید محمد کفیل بخاری کو اپنے ہاں مدعو فرماتے۔ ان حضرات کے اپنے جامعہ میں بیانات کراتے۔ ان کی نمازِ جنازہ میں مجلس احرارِ اسلام رحیم یار خان کے تمام عہدیداران، مولانا فقیر اللہ، حافظ محمد اشرف، حافظ عبدالرحیم نیاز اور کارکنانِ احرار کے علاوہ علاقہ بھر سے علماء اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے قاضی شفیق الرحمٰن صاحب سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مولانا مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر کی دعا کی ہے۔

☆ **شیخ الحدیث مولانا محمد حنیف رحمۃ اللہ علیہ:** جامعہ مدنیہ بہاول پور کے شیخ الحدیث مولانا محمد حنیف ۱۲؍ اکتوبر ۲۰۱۲ء کو انتقال فرما گئے۔ اُن کی نماز جنازہ ۱۳؍ اکتوبر کو ۱۱ بجے دن عیدگاہ میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں علماء، حفّاظ، طلباء اور دینی حلقوں سے تعلق رکھنے والے حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مولانا نے تمام عمر تعلیم و تدریس میں گزاری۔ سینکڑوں طالبانِ علوم دینیہ نے اُن سے کسب فیض کیا۔

☆ **حافظ محبوب احمد رحمۃ اللہ علیہ:** جامعہ خیر المدارس ملتان کے درجہ حفظ قرآن کریم کے قدیم استاذ اور شیخ القراء حضرت مولانا قاری رحیم بخش پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے قابل فخر شاگرد حافظ محبوب احمد صاحب ۲۸؍ ذیقعد ۱۴۳۳ھ مطابق ۱۶؍ اکتوبر ۲۰۱۲ء بروز منگل صبح انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ اسی روز بعد نماز ظہر جامعہ خیر المدارس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق دامت برکاتہم نے آنسوؤں میں ڈوبی آنکھوں اور رندھی ہوئی آواز کے ساتھ پڑھائی۔ نمازِ جنازہ سے قبل مہتمم جامعہ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری نے اپنے مختصر خطاب میں حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمتِ قرآن اور جامعہ کے ساتھ وفاداری پر انہیں زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ قاری محمد حنیف صاحب نے بتایا کہ وہ خود اور اُن کے